کورس کے کُل چار یونٹ (حصے) ہوں گے۔ ہر یونٹ چھ ہفتے کا ہوگا اور مکمل دورانیہ چھ ماہ کا ہوگا۔ الحمد اللہ اِبتدائی اعلان سے اب تک ملک بھر سے توقع سے زیادہ حضرات نے اپنی رجسٹریشن کروائی ہے اور یہ سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ خواتین وحضرات سے درخواست ہے کہ کورس میں شرکت فرمائیں خصوصاً عصری ودینی وتعلیمی اداروں میں اس کورس کی اہمیت کو اُجاگر فرمائیں اور روزِ محشر جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے مستحق بنیں، اللہ تعالیٰ آپ اور ہم سب کے حامی وناصر ہوں آمین، یارب العالمین!

مجلس احرارِ اسلام کی ماتحت شاخیں متوجہ ہوں!

مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے دستور کے مطابق جدید رکنیت ومعاونت سازی کا عمل اِن شاء اللہ تعالیٰ ۲۰ر نومبر ۲۰۱۰ء سے شروع ہو رہا ہے جو کم وبیش تین ماہ تک جاری رہے گا۔ جملہ ماتحت شاخوں اور اُن کے ذمہ داران سے تاکیدی گزارش کی جاتی ہے کہ وہ بلا تاخیر رکنیت ومعاونت سازی کے فارم مرکزی دفتر ملتان سے حسبِ ضرورت طلب کر کے رکنیت ومعاونت سازی کا باضابطہ آغاز کر دیں۔ جدید رکنیت ومعاونت سازی اور مقامی وعلاقائی جماعتوں کی تنظیم سازی اور مقامی وعلاقائی انتخابات کیلئے جماعت کے مرکزی نائب ناظم مولانا محمد مغیرہ (0301-3138803) کو لاہور میں امیر مرکز یہ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ العالی کی زیر صدارت مرکزی مجلس عاملہ کے ایک ہنگامی اجلاس میں نگران وناظمِ انتخابات ورکنیت سازی مقرر کیا گیا ہے۔ لہٰذا وہ ملک بھر میں اپنے نامزد کردہ معاونین کے ذریعے دستور کے مطابق اِس عمل کو مکمل کریں گے۔ اس کے لئے اِن شاء اللہ تعالیٰ نومبر میں جملہ ماتحت شاخوں کو تفصیلی سرکلر بھی جاری کر دیا جائے گا۔ امید ہے کہ مقامی جماعتوں کے تمام ذمہ داران رکنیت ومعاونت سازی اور پھر مقامی وعلاقائی انتخابات کے عمل کو جماعتی روایات کے مطابق شروع کر کے تکمیل تک پہنچائیں گے تاکہ حسبِ دستور مرکزی انتخابات بھی وقت پر ہوسکیں اور ساتھی نئے عزم وہمت اور استقلال کے ساتھ جماعتی نظم کو آگے بڑھا سکیں۔ اللہ تعالیٰ آپ اور ہم سب کو پہلے سے زیادہ منظم ہو کر غلبۂ دین اور جماعت کی ترقی واستحکام کے لیے اخلاص کے ساتھ کام کی توفیق سے نوازے آمین، یارب العالمین!